سوال

(471)قادیانیت کا مختصر تعارف

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نئے مذہب اوراس کے ماننے والوں کا کیا حکم ہے یعنی وہ مذہب جسے احمدیت کہتے ہیں ؟ اس کے مبلغین قرآن مجید کی آیات اوراللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ یادکرنے سے منع کرتے ہیں اور نبی ﷺ پر درود پڑھنا حرام کہتے ہیں۔ یہ مذہب کہاں سے اورکب سے شروع ہوا؟ اوراس سے دلچسپی رکھنے والوں کا کیا حکم ہے ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حکومت اسلام نے یہ فیصلہ دیا ہے کہ یہ فرقہ اسلام سے خارج ہے۔ رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ نے بھی یہی فتویٰ دیا ہے۔ ۱۳۹۴ھ میں رابطہ کی طرف سے منعقدہ اسلامی تنظیموں کی کانفرنس نے بھی یہی فیصلہ دیا تھا۔ اس بارے میں انہوں نے ایک رسالہ بھی شائع کیا تھا جس میں اس فرقہ کی ابتداء اوراس ابتداکی کیفیت اورزمانہ اوردوسرے اموربیان کیے گئے تھے جن سے اس کی حقیقت واضح ہوتی ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اس گروہ کا دعویٰ ہے کہ مرزاغلام احمدایک نبی ہے جس پر وحی نازل ہوتی تھی اورکوئی شخص اس وقت تک صحیح مسلمان نہیں بن سکتا جب تک اس پر ایمان نہ لائے۔ یہ شخص تیرہویں صدی ہجری میں پیدا ہوا تھا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی مقدس کتاب میں یہ واضح فرمادیا ہے کہ ہمارے نبی حضرت محمد رسول اللہ ﷺ خاتم النبین ہیں۔ اس پر تمام علمائے اسلام کا اتفاق ہے اورجو شخص یہ دعویٰ کرے کہ نبی ﷺ کے بعد کوئی نبی ایسا پایا گیا ہے کہ جس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے وحی نازل ہوئی ہے' وہ کافر کیونکہ اس نے کتاب اللہ کی تکذیب کی ہے اوران صحیح احادیث نبویہ کی تکذیب کی ہے جن سے ثابت ہوتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ اللہ تعالیٰ کے آخری نبی ہیں۔ (مسند احمد ج' ۲' ص: ۳۹۸' ۴۱۲' ج: ۳' ص: ۷۹' ۲۴۸' ج: ۴' ص: ۸' ۸۴' ۱۲۷' ج: ۵' ص: ۲۷۸۔ صحیح بخاري حدیث نمبر: ۳۵۳۵')

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1